سبق 15:

کیلینڈر سے سیکھیں



نٹ کھٹ چوتھی جماعت میں پڑھتا ہے۔ بہت چالاک ہے۔ اس نے تیسری جماعت کے لڑکوں کو جادو دکھانے کے لیے بلایا۔ بولا مجھے ایسا جادو معلوم ہے، سال کی کون سی تاریخ کس دن ہوگی میں پہلے سے بول سکتا ہوں۔

چٹ پٹ نے پوچھا۔ ۲۰۰۹ء میں جنوری کی ۲۳ تاریخ کس دن تھی؟ ہرینگ، کرینگ برانگ، پرینگ شرینگ۔ جنوری کی ۲۳ تاریخ جمعہ کے دن تھی۔ اس دن نیتا جی سبھاش چندر بوس کا جنم دن اسکول میں منایا گیا تھا۔

سبھوں کو حیرت ہوئی۔

گھر آکر چٹ پٹ نے والد کو یہ بات بتائی۔ والد چٹ پٹ کو بولے ''تم اگر کیلینڈر استعمال جان لوگے، تو نٹ کھٹ کی طرح تم بھی جادو دکھا سکتے ہو۔''

چٹ پٹ نے باپ سے پوچھا کیلینڈر کیا چیز ہے؟ اس کا کام کیا ہے؟ اس سے تاریخ اور دن کا پتہ کیسے چلتا ہے؟''

والد بولے ''میں بتاتا ہوں۔ دھیان سے سنو''

تم سال کے بارہ مہینوں اور ہفتہ کے سات دنوں کے نام جانتے ہو۔ انہیں لکھو۔ نیچے ۲۰۰۹ء کے ماہ جنوری کا کیلینڈر درج ہے۔

جنوری ۲۰۰۹ء

سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار
۳	۲	۱				
۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴
۱۷	۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱
۲۴	۲۳	۲۲	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸
۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۵

اس کیلینڈر سے کون کون سی معلومات حاصل کرتے ہو فہرست بنائیے۔

ماہِ جنوری کے کتنے دن ہوتے ہیں؟

کون کون مہینہ اکتیس (۳۱) دنوں والا اور کون کون سا مہینہ تیس (۳۰) دنوں کا ہوتا ہے اسے لکھیے۔

۳۱ دن والا مہینہ	۳۰ دن والا مہینہ

صرف فروری کا مہینہ ۲۸ دنوں کا اور چار سال میں ایک مرتبہ ۲۹ دنوں کا ہوتا ہے۔ جس سال فروری ۲۹ دنوں کا ہوتا ہے اسی سال کو سا کبیہ کہتے ہیں۔

فروری ۲۰۰۹ء

اتوار	۱	۸	۱۵	۲۲
پیر	۲	۹	۱۶	۲۳
منگل	۳	۱۰	۱۷	۲۴
بدھ	۴	۱۱	۱۸	۲۵
جمعرات	۵	۱۲	۱۹	۲۶
جمعہ	۶	۱۳	۲۰	۲۷
سنیچر	۷	۱۴	۲۱	۲۸

مارچ ۲۰۰۹ء

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	سنیچر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
۲۹	۳۰	۳۱				

مہینے کی تاریخ کو سات دنوں کی دائیں طرف یا نیچے نیچے اس طرح لکھا گیا ہے کہ اسے دیکھ کر کون سی تاریخ کس دن ہے معلوم ہو جاتا ہے۔ کیلینڈر میں تاریخ اور دنوں کا نام اس طرح سجایا جاتا ہے۔

اوپر کے کیلینڈر کو دیکھ کر مندرجہ ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے:

- فروری میں کتنے اتوار کے دن ہیں؟
- مارچ میں کتنی جمعرات ہے؟
- فروری میں تمام بدھ کس کس تاریخ میں پڑے تھے؟
- مارچ کی ۶ تاریخ سے ۱۷ تاریخ تک کتنے دن ہیں؟
- تم ماموں کے گھر فروری ۲۵ تاریخ میں پہنچے اور مارچ کی چھ تاریخ کو واپس آیے۔ تو وہاں کتنے دن ٹھہرے۔

- ☆ کیلینڈر دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:

فروری مہینہ میں:

پہلا منگل..................تاریخ　　　　پہلا سنیچر..................تاریخ

دوسرا منگل..................تاریخ　　　　دوسرا سنیچر..................تاریخ

تیسرا منگل..................تاریخ　　　　تیسرا سنیچر..................تاریخ

چوتھا منگل..................تاریخ　　　　چوتھا سنیچر..................تاریخ

مشق

1۔ (i) مہینہ کا پہلا اتوار ار تاریخ کو پڑا، تو دوسرا اتوار............تاریخ کو پڑے گا۔

(ii) مہینہ کا دوسرا پیر ۹ر تاریخ کو ہوا، تو تیسرا پیر............تاریخ کو ہوگا۔

(iii) مہینہ کا تیسرا جمعہ............تاریخ کو ہوا، تو چوتھا جمعہ ۲۸ تاریخ کو ہوگا۔

(iv) ایک مہینہ کا پانچواں جمعہ ۳۰ر تاریخ کو ہوا تھا، تو اسی مہینہ کا چوتھا جمعہ............تاریخ کو ہوگا۔

(v) مہینہ کا پہلا منگل ۴ر تاریخ کو پڑے، تو تیسرا منگل............تاریخ کو ہوگا۔

(vi) سال ۲۰۰۸ء اپریل کے مہینہ کی پہلی جمعرات ۳ر تاریخ کو تھی، تو اسی مہینہ کے تمام جمعے .... تاریخ کو پڑے ہوں گے۔

2۔ مندرجہ ذیل کیلینڈر کے خالی خانوں کو پر کیجیے۔

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	سنیچر
☆	☆	۱	۲	۳	۴	۵
۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
			۳۰	☆	☆	☆

یہ کیلینڈر کس کس مہینے کا ہوسکتا ہے لکھیے۔

3۔ ایک سال کا ماہ مارچ کا کیلینڈر نیچے دیا گیا ہے۔ اسے غور سے دیکھیے اور اسی سال کے فروری اور اپریل کے مہینوں کا کیلینڈر تیار کیجیے۔

مارچ ۲۰۰۹ء

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	سنیچر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
۲۹	۳۰	۳۱				

اپریل ۲۰۰۹ء

اتوار				
پیر				
منگل				
بدھ				
جمعرات				
جمعہ				
سنیچر				

فروری ۲۰۰۹ء

اتوار				
پیر				
منگل				
بدھ				
جمعرات				
جمعہ				
سنیچر				

4۔

اتوار	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹
پیر	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰
منگل	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱
بدھ	۴	۱۱	۱۸	۲۵	
جمعرات	۵	۱۲	۱۹	۲۶	
جمعہ	۶	۱۳	۲۰	۲۷	
سنیچر	۷	۱۴	۲۱	۲۸	

کیلینڈر میں بنے خانوں سے چھوٹے عدد میں ۸ جمع کیجیے۔ حاصل جمع سے ۹ ضرب کرو۔ حاصل ضرب کتنا ہوا اب خانوں کے اندر کے تمام اعداد کی جمع کیجیے۔

کیا نظر آیا؟

تم اسی طرح کیلینڈر سے جادوئی عدد نکالو اور آزمائش کیجیے۔